© rasailojaraid.com

رنگِ خیال

التفسیر کا ۲۲واں شمارہ پیش خدمت ہے۔ جو مختلف عنوانات پر لکھے گئے تحقیقی و محاکماتی مضامین کا مجموعہ ہے ..... یہاں اس امر کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں کہ التفسیر کا اگلا شمارہ "قرآن مجید کے اردو مفسرین اور ان کی تفسیری خدمات" پر مشتمل ہوگا۔ جن مفسرین پر ہمارے پاس مضامین و مقالات آچکے ہیں۔ ان میں مولانا ابوالکلام آزادؒ، مولانا احمد رضا خان بریلویؒ، مولانا ادریس کاندھلویؒ، مولانا مفتی محمد شفیعؒ، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، مولانا عبدالماجد دریابادیؒ، مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ، علامہ احمد سعید کاظمیؒ، پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ، مولانا محمد اسلم شیخوپوریؒ، علامہ محمد ادریس ڈبری اور ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے اسماء گرامی شامل ہیں۔

یہ مضامین (Referees) کے پاس بھیجے جا چکے ہیں جن کی مثبت آراء موصول ہونے کے بعد ہی شامل اشاعت کیا جائے گا۔ اگر آپ بھی اس خصوصی شمارے کیلئے کسی مفسر اور اس کی تفسیری خدمات پر کوئی مضمون لکھنا چاہیں تو التفسیر کے صفحات حاضر ہیں۔ مگر خیال رہے کہ آپ کا مضمون ۱۵، اپریل ۲۰۱۴ء تک موصول ہو جانا چاہیے۔

ہماری خواہش ہے کہ شخصیات نمبر اور تفردات نمبر کی طرح یہ نمبر بھی علماء و طلبہ ہر دو میں یکساں مقبول ہو اور لوگ اسے بھی اپنی لائبریری کی زینت بنائیں اور استفادہ کریں۔ امید ہے کہ آپ کا علمی تعاون میسر رہے گا۔

مدیر اعلیٰ

ڈاکٹر محمد شکیل اوج

© rasailojaraid.com